11th Round of India-China Corps Commander Level Meeting

April 10, 2021

بھارت- چین کے مابین کور کمانڈر سطح اجلاس کے 11 واں دور کا انعقاد

10 اپریل، 2021

ہندوستان - چین کور کمانڈر سطح اجلاس کے 11 واں دور کا انعقاد 09 اپریل 2021 کو چشول مولڈو سرحدی میٹنگ پوائنٹ پر کیا گیا۔ دونوں فریقین نے مشرقی لداخ میں ایل اے سی کے پاس سے پیچھے ہٹنے سے متعلق بقیہ امور کے حل کے لئے تبادلہ خیال کیا۔ دونوں فریقین نے بقایا معاملات کو موجودہ معاہدوں اور پروٹوکول کے مطابق جلد از جلد حل کرنے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ اس تناظر میں اس بات پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ دوسرے علاقوں میں پیچھے ہٹنے کی تکمیل سے دونوں فریقین کے افواج کے مابین کشیدگی کم کرنے اور امن وامان کی مکمل بحالی اور دوطرفہ تعلقات میں پیشرفت کو یقینی بنانے کی راہ ہموار ہوگی۔ دونوں فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ اپنے ممالک کے رہنماؤں کے اتفاق رائے سے رہنمائی لینا، اپنے بات چیت کو جاری رکھنا اور بقیہ امور کی باہمی قابل قبول جلد از جلد حل تلاش کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے مشترکہ طور پر گراؤنڈ پر استحکام برقرار رکھنے، کسی بھی نئے واقعات سے گریز کرنے اور مشترکہ طور پر سرحدی علاقوں میں امن برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا۔

نئی دہلی
10 اپریل، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.